Sl. No. of Q.P. : 8841

| | | |
|---|---|---|
| Unique Paper Code | : | 2141201 |
| Name of the Paper | : | Study of Modern Nazm |
| Name of the Department | : | URDU |
| Semester | : | IInd |
| Name of the Course | : | B.A. (Hon) |

Hrs- 3 MM-75

نوٹ: پانچ سوالوں کے جواب دیجئے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

-1 ذیل میں سے ایک حصے کی تشریح حوالے کے ساتھ کیجئے۔

(الف)

ساحلِ دریا پہ تھا اِک رات میں محو نظر
گوشۂ دل میں چھپائے اک جہانِ اضطراب
شب سکوت افزا، ہوا آسودہ، دریا نرم سیر
تھی نظر حیراں، کہ یہ دریا ہے یا تصویرِ آب؟
جیسے گہوارے میں سوجاتا ہے طفل شیرخوار
موجِ مضطر، تھی کہیں گہرائیوں میں مست خواب
رات کے افسوں سے طائر آشیانوں میں اسیر
انجم کم ضو، گرفتارِ طلسم ماہتاب
دیکھتا کیا ہوں، وہ پیک جہاں پیما، خضر
جس کی پیری میں ہے مانندِ سحر، رنگ شباب
کہہ رہا ہے مجھ سے؛ اے جویائے اسرارِ ازل
چشمِ دل وا ہو، تو ہے تقدیر عالم بے حجاب

(ب)

تازہ ہیں ابھی یاد میں اے ساقی گلفام
وہ عکس رخ یار سے لپکے ہوئے ایام
وہ پھول سی کھلتی ہوئی دیدار کی ساعت
وہ دل سا دھڑکتا ہوا، امید کا ہنگام
امید، کہ لو جاگا! غم دل کا سفینہ
لو! شوق کی ترسی ہوئی شب ہوگئی آخر
لو ڈوب گئے درد کے بے خواب ستارے!
اب چمکے گا بے صبر نگاہوں کا مقدر
اُس بام سے نکلے گا ترے حسن کا خورشید
اِس کنج سے پھوٹے گی کرن رنگ حنا کی
اِس در سے بہے گا تری رفتار کا سیماب
اِس راہ پہ پھولے گی شفق تیری قبا کی

-2 ذیل میں سے ایک حصے کی تشریح حوالے کے ساتھ کیجئے۔

(الف)

شہر کی رات اور میں ناشاد وناکارہ پھروں
جگمگاتی جاگتی سڑکوں پہ آوارہ پھروں
غیر کی بستی میں کب تک در بہ در مارا پھروں؟
اے غم دل کیا کروں؟ اے وحشت دل! کیا کروں؟

جھلملاتے قمقموں کی راہ میں زنجیر سی
رات کے ہاتھوں میں دن کی موہنی تصویر سی
میرے سینے پر مگر دہکی ہوئی شمشیر سی
اے غم دل کیا کروں؟ اے وحشت دل! کیا کروں؟

یہ رپہلی چھانو، یہ آکاش پر تاروں کا جال
جیسے صوفی کا تصور، جیسے عاشق کا خیال
آہ! لیکن کون جانے، کون سمجھے دل کا حال؟
اے غم دل کیا کروں؟ اے وحشت دل! کیا کروں؟

(ب)

جھٹپٹے کا نرم رو دریا، شفق کا اضطراب — کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروبِ آفتاب
دشت کے کام و دہن کو دن کی تلخی سے فراغ — دور دریا کے کنارے، دھندلے دھندلے سے چراغ
زیر لب ارض و سما میں باہمی گفت و شنود — مشعلِ گردوں کے بجھ جانے سے اِک ہلکا سا دود
وسعتیں میدان کی سورج کے چھپ جانے سے تنگ — سبزۂ افسردہ پر خواب آفریں ہلکا سا رنگ
خامشی، اور خامشی میں سنسناہٹ کی صدا — شام کی خنکی سے گویا دن کی گرمی کا گلا
اپنے دامن کو برابر قطع سا کرتا ہوا — تیرگی میں کھیتیوں کے درمیاں کا فاصلا

3- جدید نظم کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔
4- اقبال کی نظم نگاری پر اظہار خیال کیجئے۔
5- فیض احمد فیض کی شاعری کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔
6- جوش ملیح آبادی کی انقلابی شاعری کا جائزہ لیجیے۔
7- مجاز لکھنوی کی نظم نگاری پر ایک مضمون لکھیے۔
8- اختر الایمان کی نظم نگاری کی اہم خصوصیات تحریر کیجئے۔